## جماعت اسلامی کی قیادت پنجاب میں ایم کیوایم کی تیزی سے بڑھتی ہوئی مقبولیت سے بوکھلا اٹھی ہے،منورحسن کی جانب سے ایم کیوایم پر بہتان تراشی اس کا کھلاثبوت ہے۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

## جماعت اسلامی کے کارکنان اور ہمدردبھی اپنی جماعت کی منافقانہ سیاست سے مایوس ہوکرایم کیوایم کی طرف راغب ہورہے ہیں

## ایم کیوایم ایک نظریاتی جماعت ہےاوراسے پنجاب اور ملک کے دیگرعلاقوں میں پھیلنے کیلئے کسی کے سہارے یا کاندھے کی ضرورت نہیں

## باشعورعوام ملک دشمن طالبان اورالقاعدہ سے جماعت اسلامی کے تعلق سے واقف ہیں، جماعت اسلامی ہی القاعدہ اور طالبان کا سیاسی ونگ ہے

کراچی۔۔۔25اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے امیر جماعت اسلامی منورحسن کی جانب سے ایم کیوایم اور قائدتحریک الطاف حسین پر شرانگیز اور بیہودہ الزامات لگانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہاہے کہ جماعت اسلامی کی قیادت پنجاب میں ایم کیوایم کی تیزی سے بڑھتی ہوئی مقبولیت سے بوکھلا اٹھی ہے اورمنورحسن کی جانب سے ایم کیوایم پر بہتان تراشی اس کا کھلاثبوت ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جس طرح ایم کیوایم کی بھرپورعوامی حمایت کی وجہ سے کراچی اورحیدرآباد سے جماعت اسلامی کا سیاسی طور پرصفایاہوگیاہے اسی طرح جب سے ایم کیوایم نے پنجاب میں اپناتنظیمی کام شروع کیا ہے تو پنجاب کے شہروں،قصبوں اوردیہات میں رہنے والےغریب ومتوسط طبقہ کے عوام قائدتحریک الطاف حسین کے پیغام اورفکروفلسفہ سے متاثر ہوکرتیزی سے ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں۔یہاں تک کہ جماعت اسلامی کے کارکنان اور ہمدردبھی جواپنی جماعت کی منافقانہ سیاست اورگھناؤنے کردار سے بہت مایوس ہوچکے ہیں وہ بھی ایم کیوایم کی طرف راغب ہورہے ہیں۔جماعت اسلامی کی قیادت اس صورتحال کی وجہ سے شدید بوکھلاہٹ کا شکارہے انکےشرانگیز بیانات سے ان کی بوکھلاہٹ صاف نظرآرہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم ایک نظریاتی جماعت ہےاوراسے پنجاب اور ملک کے دیگرعلاقوں میں پھیلنے کیلئے کسی کے سہارے یا کاندھے کی ضرورت نہیں،مذہب اورفرقے کے نام پر سیاست کرنا جماعت اسلامی کا وطیرہ اورشیوہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ پاکستان آج جن نازک اورسنگین حالات کا شکارہے اسکی ذمہ دارمذہبی انتہاپسند تنظیمیں خصوصاً جماعت اسلامی ہے جنہوں نے طالبان جیسے دہشت گردوں کوجنم دیکر ملکی سالمیت کوداؤ پر لگادیا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک کے تمام باشعورعوام ملک دشمن طالبان اورالقاعدہ سے جماعت اسلامی کے تعلق سے بخوبی واقف ہیں، جماعت اسلامی ہی القاعدہ اور طالبان کا سیاسی ونگ ہے،القاعدہ کے تمام بڑے بڑے مطلوب دہشت گرد جماعت اسلامی کے رہنماؤں کے گھروں سے گرفتار ہوئے اورآج بھی جماعت اسلامی مسلح افواج،ایف سی، پولیس کےافسران،جوانوں اورمعصوم شہریوں کا خون بہانے والے ملک دشمن طالبان کی مکمل حمایت اورمعاونت کررہی ہے اسی لئے آج تک جماعت اسلامی نے خودکش حملوں اورطالبان کی دہشت گردی کی کبھی کھل کر مذمت نہیں کی۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جی ایچ کیو پرحملہ میں موقع سے گرفتارہونے والا دہشت گردعقیل عرف ڈاکٹرعثمان جوسابق صدرجنرل پرویزمشرف پر حملے،میریٹ ہوٹل پرخودکش حملےاورسری لنکا کی کرکٹ ٹیم پر حملےاوردہشت گردی کی دیگر کارروائیوں میں ملوث رہاہےاس کاتعلق بھی جماعت اسلامی سے ہے،کورکمانڈرکراچی پر حملے میں ملوث دہشت گرداکمل وحیداورارشدوحید کاتعلق بھی جماعت اسلامی سے تھااوریہ بات بھی ریکارڈ پرآچکی ہے کہ دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث دہشت گردلاہورمیں جماعت اسلامی کے مرکزمنصورہ میں قیام کرتے رہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک دشمن طالبان کھلےعام خودکش حملوں کی ذمہ داری قبول کررہے ہیں لیکن جماعت اسلامی ان ملک دشمن طالبان کو بچانے کی کوشش کررہی ہےمگراب ملک کے باشعورعوام اسلام کے نام پر مسلح افواج، پولیس کے افسروں جوانوں اورشہریوں کاخون بہانے والوں کے گھناؤنے چہروں سے واقف ہوچکے ہیں اورانہیں اب بہکایانہیں جاسکتا۔

## متحدہ اسکاؤٹس دستے کی ریس کورس گراؤنڈآرمی قبرستان راولپنڈی میں بریگیڈیئرمعین الدین شہید اور بریگیڈیرانوارالحق رمدےشہید کی قبروں پرسلامی اورفاتحہ خوانی

راولپنڈی۔۔۔25،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ قائدجناب الطاف حسین کی جانب سے متحدہ اسکاؤٹس نے بریگیڈیئرمعین الدین شہیداور بریگیڈیرانوارالحق رمدےشہید کی قبروں پرسلامی دی اورفاتحہ خوانی کی۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین کی جانب سے پاک فوج سے اظہاریکجہتی اوردہشت گردی کےخلاف جاری جنگ میں شریک فوجی افسران، جوانوں اور سیکورٹی فورسز کے حوصلے بڑھانے کیلئے متحدہ اسکاؤٹس کے دستے نے اتوارکوریس کورس گراؤنڈ سے متصل آرمی قبرستان راولپنڈی میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید بریگیڈیئرمعین الدین اورجی ایچ کیوپردہشت گردوں کے حملے میں اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والے بریگیڈیئرانوارالحق رمدےشہیدسمیت دیگرشہیدفوجی جوانوں کی قبروں پرسلامی دی اورفاتحہ خوانی کی اورقائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے قبروں پرپھولوں کی چادریں چڑھائیں۔اس موقع پرایم

کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان، ڈاکٹر علی حسین، حق پرست صوبائی وزیر سندھ خالد بن ولایت، رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف اور ایم کیو ایم پنجاب کے سیکریٹری نشر و اشاعت عنصر علی بڑبھی موجود تھے۔ واضح رہے کہ متحدہ اسکاؤٹس کا یہ دستہ 21 اکتوبر کو کراچی سے صوبہ پنجاب کے شہروں لودھراں، فیصل آباد، حاصل پور، گجرات اور راولپنڈی سمیت دیگر شہروں میں دہشت گردی کے مختلف واقعات میں شہید فوجی افسران، جوانوں اور سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرنے روانہ ہوا تھا جہاں دستے نے شہداء کے لواحقین سے ملاقات کرکے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت و ہمدردی کرتے ہوئے ان سے مکمل اظہار یکجہتی کیا۔

## ایم کیوایم اسکردو شگر یونٹ کے جواں سال کارکن محمد جابر کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار رنج وغم
## محمد جابر شہید نے تحریک کے پیغام کو پھیلاتے ہوئے اپنی جان قربان کی ہے، وہ شہید ہیں اور اپنے اس ساتھی کی شہادت پر مجھ سمیت تحریک کا ایک ایک کارکن غمزدہ ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔25 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم اسکردو شگر یونٹ کے جواں سال کارکن محمد جابر کی شہادت پر دلی افسوس اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔محمد جابر آج دوپہر علاقے میں کھمبے پر تنظیم کا پرچم لگاتے ہوئے گر کر شہید ہوگئے تھے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ محمد جابر شہید تحریک کے ایک سرگرم کارکن تھے اور انہوں نے تحریک کے پیغام کو پھیلاتے ہوئے اپنی جان قربان کی ہے، وہ شہید ہیں اور اپنے اس ساتھی کی شہادت پر مجھ سمیت تحریک کا ایک ایک کارکن غمزدہ ہے۔جناب الطاف حسین نے محمد جابر شہید کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد جابر شہید کی قربانی کو قبول فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## محبان پاکستان ریاض کے آرگنائزر ناصر خان یوسفی حرکت قلب بند ہو جانے کے باعث انتقال کر گئے
## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کا اظہار تعزیت

ریاض۔۔۔25 اکتوبر 2009ء

محبان پاکستان ریاض کے آرگنائزر ناصر خان یوسفی آج حرکت قلب بند ہو جانے کی وجہ سے انتقال کر گئے۔مرحوم کافی عرصے سے محبان پاکستان سے وابستہ تھے ان کا شمار تنظیم کے سرگرم کارکنان میں کیا جاتا تھا، ناصر خان یوسفی آخری سانسوں تک تنظیم کی خدمات پہ مامور رہے مرحوم کے سوگواران میں ایک بیوہ، ایک بیٹا اور دو بیٹیاں شامل ہیں۔مرحوم ناصر خان یوسفی کی نماز جنازہ مقامی مسجد میں ادا کی جائے گی انہیں ریاض کے مقامی قبرستان میں 25 اکتوبر کو سپرد خاک کیا جائے گا۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے رکن رابطہ کمیٹی سلیم شہزاد نے انکے بھائی ذاکر خان یوسفی سے فون کرکے تعزیت کی اور مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محبان پاکستان ریاض کے آرگنائزر ناصر خان یوسفی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے اپنے ایک بیان میں مرحوم کی تنظیمی خدمات پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم ناصر خان نے تحریک کیلئے جس طرح رات دن خدمت کی وہ یقیناً قابل تحسین ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ناصر خان یوسفی مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے سوگواران کو اس موقع پر صبر جمیل عطا کرے۔

## وسیم اکرم کی اہلیہ ہما وسیم کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔25 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان وسیم اکرم کی اہلیہ ہما وسیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور وسیم اکرم سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## پشاور سے اسلام آباد جانیوالی کار میں خودکش بم دھماکے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت
## موٹر پولیس کے افسر شاہ ایران کی شہادت پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔25، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور موٹر موے کلر کہار اور للہ انٹر چینج پر چکوال کے قریب پشاور سے اسلام آباد جانیوالی کار میں خودکش بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکے میں موٹر پولیس کے افسر شاہ ایران کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک دشمن دہشت گردوں کی جانب سے دھماکہ خیز مواد سے بھری ہوئی گاڑی کو پشاور سے اسلام آباد لانے کا مقصد واضح طور پر وفاقی دارالحکومت میں تخریب کاری کی ایک بڑی کارروائی کرنا تھا تاہم موٹر پولیس کی بروقت کارروائی کے باعث یہ کوشش ناکام ہوگئی جس پر موٹروے پولیس کو جتنا بھی خراج تحسین پیش کیا جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کا سد باب کرنے کیلئے مسلح افواج، سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے حوصلے بلند ہیں اور وہ دہشت گردی کے خاتمے کیلئے جس طرح اپنی جانوں کی قربانیاں پیش کررہے ہیں اس پر پوری قوم انہیں سلام عقیدت پیش کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ معصوم و بے گناہ لوگوں کی جان و مال سے کھیلنے والے انسانیت کے کھلے دشمن اور بزدل ہیں اور اسلام کے نام پر دہشت گردی کا مظاہرہ کرکے دنیا بھر میں اسلام کو بدنام کررہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ موٹروے پر کارخودکش بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور ملک بھر سے دہشت گردوں اوران کے پرستوں کے خاتمے کیلئے مزید مئوثر اور مثبت اقدامات کئے جائیں۔انہوں نے موٹروے پولیس کے افسر شاہ ایران شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ شاہ ایران نے بھی ملک کے دفاع اور تحفظ کی خاطر اپنی جان کی قربانی دی ہے جو ہرگز رائیگاں نہیں جائے گی۔

## پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما اور صوبائی وزیر تعلیم شفیق احمد بلوچ خان کا قتل کھلی دہشت گردی ہے، الطاف حسین
## دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے، مقتول کے سوگواران اور پیپلز پارٹی کے رہنماؤں اور کارکنان سے اظہار تعزیت

لندن۔۔۔25، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نامعلوم مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے پیپلز پارٹی بلوچستان کے مرکزی رہنما اور صوبائی وزیر تعلیم شفیق احمد بلوچ خان کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور دہشت گردی کے اس واقعہ پر پیپلز پارٹی اور مقتول کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ شفیق احمد بلوچ خان کا قتل کھلی دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نازک ترین حالات میں شفیق احمد بلوچ خان کا قتل ملک بھر کے محبّ وطن عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ بلوچستان اسلم رئیسانی سے مطالبہ کیا کہ شفیق احمد بلوچ خان کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔انہوں نے شفیق احمد بلوچ خان کے تمام سوگوار لواحقین اور پیپلز پارٹی کے رہنماؤں اور کارکنوں سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار بھی کیا اور مقتول کے بلند درجات کیلئے دعا کی۔

## میران شاہ فوجی ہیلی کاپٹر کے تباہ ہونے کے المناک حادثے میں فوجی جوانوں کے ساتھ رابطہ کمیٹی کے رکن کیف الواریٰ کے کزن حوالدار محمد ندیم بھی شہید ہوگئے، شہید کو کراچی کے اسماعیل گوٹھ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا
## الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25، اکتوبر 2009ء

میران شاہ میں فوجی ہیلی کاپٹر کے تباہ ہونے کے المناک حادثے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کیف الواری کے کزن حوالدار محمد ندیم ولد معین الدین شہید ہوگئے۔حوالدار محمد ندیم شہید کو اسماعیل گوٹھ کراچی کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ لانڈھی B-36 میں واقع عیدگاہ میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کیف الواریٰ، حق پرست رکن صوبائی اسمبلی خالد احمد، حق پرست یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران اور کارکنان

نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ہیلی کاپٹر کے حادثے میں حوالدار محمد ندیم سمیت دیگر فوجی جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہیدوں کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں مسلح افواج کی قربانیاں ضرور رنگ لائیں گی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی ہیلی کاپٹر حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور شہید فوجیوں کے بلند درجات کیلئے دعا کی۔

## ایم کیو ایم اسکردو یونٹ کے کارکن محمد جابر انتخابی سرگرمیوں کے سلسلے میں پرچم لگاتے ہوئے گر کر شہید ہو گئے
## ایم کیو ایم گلگت بلتستان آرگنائزنگ کمیٹی، الیکشن سیل اور لیبر ڈویژن کا اظہار تعزیت

اسکردو۔۔۔25، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ اسکردو یونٹ شگر کے کارکن محمد جابر ولد غلام حیدر اسکردو میں جاری ایم کیو ایم کی انتخابی سرگرمیوں کے سلسلے میں تحریکی پرچم لگاتے ہوئے گر کر شہید ہو گئے۔ شہید کی عمر 22 سال تھی اور اسکردو میں ایم کیو ایم کی انتخابی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے تھے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت و محبت رکھتے تھے۔ محمد جابر کی شہادت کی اطلاع ملتے ہی حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر، ایم کیو ایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی، الیکشن سیل، لیبر ڈویژن کے ارکان اور کارکنان جائے حادثہ پر پہنچ گئے اور شہید کی میت اپنے ساتھ لیکران کے گھر گئے۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کے ذمہ داران نے محمد جابر شہید کے سوگوار لواحقین سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کرتے ہوئے محمد جابر کی شہادت پر ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران و کارکنان غمزدہ ہیں اور شہید کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ دریں اثناء ایم کیو ایم گلگت بلتستان آرگنائزنگ کمیٹی، الیکشن سیل اور لیبر ڈویژن کے ارکان نے محمد جابر کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں انہوں نے محمد جابر شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## اسکردو یونٹ کے کارکن محمد جابر کی شہادت پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔25، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم اسکردو یونٹ کے کارکن محمد جابر کی تحریکی پرچم لگاتے ہوئے گر کر شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری نے صوفی فنکار سہراب فقیر کے انتقال پر ان کے بھائی امتیاز فقیر سے ٹیلی فون پر تعزیت کا اظہار کیا

کراچی۔۔۔25، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی رکن و حق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری نے صدارتی ایوارڈ یافتہ نامور صوفی فنکار سہراب فقیر کے انتقال پر ان کے بھائی امتیاز فقیر سے فون پر دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔ شعیب بخاری نے مرحوم کے بھائی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سہراب فقیر جیسے فنکار صدیوں میں پیدا ہوتے ہیں اور مرحوم نے اپنی فنکارانہ صلاحیتوں کے باعث جو مقام پایا اس پر کم ہی لوگ پہنچا کرتے ہیں۔ انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کی جانب صوفی فنکار سہراب فقیر کے انتقال پر ان کے امتیاز فقیر سے دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سہراب فقیر مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین اور ان کے تمام مداحوں کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## دادوزون کے علاقے دادوسٹی کے رہائشی سلیم پہنور نامی شخص کا ایم کیوایم سے کوئی تعلق نہیں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔25، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اندرون سندھ کے شہر دادو کے علاقے دادوسٹی کے رہائشی سلیم پنہور نامی شخص سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سلیم پہنور نامی شخص غلط قسم کے کاموں میں ملوث ہے اور خود کو ایم کیوایم کا کارکن ظاہر کرتا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایک مرتبہ پھر واضح کیا کہ دادوزون کے علاقے دادوسٹی کے رہائشی سلیم پہنور نامی شخص کا متحدہ قومی موومنٹ سے قطعی کوئی تعلق نہیں ہے۔رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام سے اپیل کی وہ ایم کیوایم کا نام استعمال کرکے ایم کیوایم بدنام کرنے والے جرائم پیشہ افراد کی اطلاع کراچی میں نائن زیرو پر کریں۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ C-66 کے کارکن لیئق احمد کی والدہ محترمہ سرتاج بیگم، ایم کیوایم جامشورو زون یونٹ 3/C کے کارکن فرحان خان کے بھائی محمد حسن، ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون یونٹ A-2 کے کارکن محمد اعظم کے بھائی زبیر احمد، ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 95 کے کارکن طارق کے والد فقیر محمد اور ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 73 کے کارکن محمد عثمان کے والد فرید عالم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم سی بی اسٹاف یونین (سی بی اے) کے وفد کی ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی سے ملاقات
## انتظامیہ کی جانب سے ملازمین کے بنیادی حقوق غصب کئے جانے کے باعث ادارے میں جاری احتجاجی مہم سے آگاہ کیا

کراچی۔۔۔25، اکتوبر 2009ء

مسلم کمرشل بنک کی اسٹاف یونین (سی بی اے) کے ایک نمائندہ وفد نے سعید غنی کی سربراہی میں خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی سے ملاقات کی اور ایم سی بی انتظامیہ کی جانب سے ملازمین کے بنیادی حقوق غصب کئے جانے کے باعث ادارے میں جاری احتجاجی مہم سے آگاہ کیا۔ملاقات میں سعید غنی نے بتایا کہ ایم سی بی کی انتظامیہ یونین سرگرمیوں کو بحال نہیں کررہی ہے جبکہ کئی ملازمین کو جبری طور پر برطرف کردیا گیا ہے اور ملازمین کو حاصل میڈیکل کی سہولت بھی ختم کرکے محنت کشوں کے بنیادی حقوق پر قدغن لگائی جارہی ہے۔ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی نے وفد کی گزارشات کو توجہ سے سنا اور کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اجتماعی مفاد کے حصول کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ ملک بھر کے مظلوم عوام کی امید کی آخری کرن ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ محنت کشوں کے جائز حقوق کے حصول پر یقین رکھتی ہے اور ایم سی بی کے ملازمین کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں کے خاتمے کیلئے ہر ممکن تعاون کریگی۔

## محبان پاکستان ریاض کے آرگنائزر ناصر خان یوسفی انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی اور محبان پاکستان کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25، اکتوبر 2009ء

محبان پاکستان اوورسیز ریاض کے آرگنائزر ناصر خان یوسفی اتوار کو حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث سعودی عرب میں انتقال کر گئے، مرحوم کی عمر 48 سال تھی اور انہوں نے سوگواران میں بیوہ، ایک بیٹا دو بیٹیاں چھوڑی ہیں۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور محبّ پاکستان اوورسیز کی مرکزی کمیٹی کے ذمہ داران نے ناصر خان یوسفی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت، ان کے درجات کی بلندی اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

## تمام قومیتیں طالبانائزیشن کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے قومی جذبے کے تحت بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کریں، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی

کراچی ۔۔۔25، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج و اراکین نے کہا ہے کہ کراچی کے مختلف علاقوں سے طالبان دہشت گردوں کی بھاری اسلحہ سمیت گرفتاریوں نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے طالبانائزیشن کی سازش کے خدشات کو مکمل درست ثابت کردیا ہے ۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ طالبان پاکستان کے مختلف علاقوں کے بعد سندھ اور کراچی کے امن وامان کو تہہ بالا کرنے کی سازش کررہے ہیں لہٰذا کراچی میں مقیم تمام قومیتوں کے لوگ اپنے اردگرد ملک اور انسانیت دشمن عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور طالبانائزیشن کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے قومی جذبے کے تحت بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کریں ۔ انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین مسلسل ایک عرصہ سے طالبانائزیشن کی سازش کے زمینی حقائق کو بے نقاب کررہے تھے تاہم بعض سیاسی ومذہبی جماعتیں نے قائدتحریک الطاف حسین کے انکشافات اور خدشات کو سنجیدگی سے نہیں لیا اور انہیں تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ کل تک جو سیاسی ومذہبی جماعتیں طالبان دہشت گردوں کی سندھ اور کراچی میں موجودگی کی اطلاعات پر واویلا مچارہی تھیں آج خود کراچی میں طالبان دہشت گردوں کی موجودگی کا اعتراف کررہی ہیں ۔ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ طالبانائزیشن کی سازش اور دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے بھرپور تعاون کریں ۔

☆☆☆☆☆